## سوال

(98) حائضہ کےلیےاپنے ہاتھ اور سر پر مہندی لگانے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کےلیے بحالت حیض اپنے ہاتھ اور سر پر مہندی لگانا جائز ہے؟ اور کیا یہ صحیح ہے کہ جب عورت فوت ہوجائے تو اس کو اس حالت میں دفن کرنا جائز نہیں کہ اس کے ہاتھ سفید ہوں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

حائضہ کےلیےاپنے ہاتھ، سر اور پاؤں پر مہندی لگانا جائز ہے اور اس پر اس میں کوئی حرج نہیں، جہاں تک اس بات کا تعلق ہے جو سوال میں بیان کی گئی کہ عورت جب فوت ہوجائے اور اس کے ہاتھوں میں مہندی نہ لگی ہو، یعنی وہ سفید ہوں تو اس کو دفن کرنا جائز نہیں۔ تو یہ درست نہیں ہے اور نہ اس کی کوئی دلیل ہے۔ عورت جب مسلمان ہوکر مرے تو اس کو دوسرے مسلمانوں کی طرح دفن کیا جائے گا اور جب وہ غیر مسلمہ ہوگی تو اس کو غیر مسلموں کے ساتھ دفن کیا جائے گا، خواہ اس نے مہندی لگائی ہو یا نہ لگائی ہو۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 134

محدث فتویٰ